1989ء سے مسلسل اشاعت | 14 تا 27 اپریل 2023 | شمارہ نمبر 17-16 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM:111-426-725**




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED

**International Business Management**

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس
کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وا یگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت 100 روپے

# 29 مارچ سے ان کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی ختم

## بلھے شاہ کی دوبارہ نفاذ کیلئے درخواست، این ٹی سی کا کورم نہ ہونے کے باعث کارروائی نہیں ہوسکتی نیشنل ٹیرف کمیشن کا اعلامیہ


اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن نے 30 مارچ 2018 کو پانچ سال کے لئے بعض اقسام کے ''ان کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر'' پر جو اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی تھی اس کی مدت 29 مارچ 2023 کو ختم ہوگئی ہے۔ اس طرح 30 مارچ سے برازیل، چائنا، انڈونیشیا، جاپان اور تھائی لینڈ سے آنے والی کنسائنمنٹ پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا اطلاق ختم ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں کمیشن نے 29 مارچ 2023 کو ایک نوٹس کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ میسرز بلھے شاہ پیکجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے 10 فروری 2023 کو کمیشن کو درخواست (Sunset-Review) کی ہے کہ ان آئٹمز پر دوبارہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کر دی جائے بصورت دیگر مقامی صنعت کو نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تاہم کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اس وقت کمیشن کے چیئرمین اور ممبر کی نشستیں خالی ہیں اس لئے کورم نہ ہونے کے باعث کسی بھی کارروائی کا آغاز نہیں کرسکتا ہے۔ اس صورت حال کے باعث اب قانونی طور پر رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر کسی قسم کی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد نہیں ہے اور کمیشن کی جانب سے آئندہ کارروائی کے آغاز اور اس کے نفاذ کے اعلان تک فی الحال کوئی ڈیوٹی نافذ نہیں ہوگی۔ چیئرمین بزنس مین پینل اور اینٹی ڈمپنگ امور سے متعلق اپیما کی کمیٹی کے چیئرمین محمد سلیم بیکیا نے تمام پیپر مرچنٹس کو ڈیوٹی کے خاتمے پر مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ آئندہ بھی اس کے نفاذ کی کوششوں کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے ڈیوٹی کے خاتمے سے 3 ماہ قبل 28 دسمبر 2022 کو اس ڈیوٹی کے مکمل ہونے کے بارے میں نوٹس شائع کر دیا تھا جس کے جواب میں بلھے شاہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ نے اس کے دوبارہ نفاذ کے لئے یہ درخواست دائر کی ہے۔

# افغان ٹرانزٹ کے ذریعے پیپر کی اسمگلنگ میں تیزی

## سیلز ٹیکس انوائس کا حصول بھی ناممکن ہوگیا، پرنٹرز، پبلشرز اور سپلائرز پریشان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی و لاہور پیپر مارکیٹ میں افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے ذریعے مختلف اقسام کے پیپر بالخصوص فوٹو کاپی پیپر A4 سائز کے درجنوں کنٹینرز فروخت کئے گئے ہیں۔ حالیہ دنوں میں ڈالر کی قدر میں بے تحاشہ اضافے اور پاکستان میں برآمدات کے لئے ایل سی کھلنے میں مشکلات، سیلز ٹیکس کی شرح میں اضافے کے بعد دیگر آئٹمز کی طرح پیپر بھی اسمگلرز کے لئے پسندیدہ آئٹم بن گیا ہے اور اب مارکیٹ میں اسمگل شدہ پیپر و پیپر بورڈ کی بڑی مقدار قانونی طور پر درآمد کردہ مال سے 10 تا 15 فیصد کم قیمت پر فروخت کے لئے دستیاب ہے۔ اسمگلنگ کے اس بڑھتے رجحان کے باعث مارکیٹ میں سیلز ٹیکس انوائس کی دستیابی ناپید ہوتی جارہی ہے اور سیلز ٹیکس رجسٹرڈ پرنٹرز و پبلشر اور سرکاری محکموں کے سپلائرز کو ان پٹ کے لئے انوائسز کا حصول نہایت دشوار ہوگیا ہے۔

قارئین پیپر بزنس کو
پیشگی




## اپیما کی جانب سے پیپر مارکیٹ کے مزدوروں و ملازمین میں راشن کی تقسیم مکمل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی جانب سے پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کے ملازمین و مزدوروں میں راشن کی تقسیم کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق اس سال 950 افراد میں تقریباً 50 لاکھ روپے سے زائد کا راشن تقسیم کیا گیا۔ گزشتہ کئی سالوں سے اپیما کی فلاحی کمیٹی اراکین کے تعاون سے یہ کام سرانجام دے رہی ہے۔ کمیٹی میں حاجی نور، محمد احمد، محمد احمد اظہر، رضا شیخ، محمد عمران اور علی حیدر شامل تھے۔

## سابق چیئرمین اپیما ملک محمد حنیف کے والد انتقال کر گئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) ملک محمد حنیف (میسرز ایچ ٹی ٹریڈرز)، ملک محمد سہیل (میسرز سہیل انٹرپرائزز)، ملک محمد تنویر (میسرز بیسٹ پیپر مارٹ)، ملک محمد شکیل (میسرز ملک برادرز)، ملک محمد شہزاد اور ملک عمران کے والد ملک محمد لطیف (مرحوم) 10 اپریل 2023 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ دریں اثنا چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا نے مرحوم کے انتقال پر ملک محمد حنیف اور ان کے بھائیوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# فیڈریشن کے صدر کا حکومت سے معیشت بحالی کا پلان پیش کرنے کا مطالبہ

کراچی (بزنس ڈیسک) تاجروں کے وفاق ایف پی سی سی آئی نے حکومت سے آئی ایم ایف معاہدے میں تاخیر کی وجوہات منظر عام پر لانے اور معیشت کی بحالی کے لیے پلان پیش کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال شیخ نے اپنے ایک بیان میں سوال اٹھایا ہے کہ وہ کون سے عوامل یا رکاوٹیں ہیں، جو آئی ایم ایف کے پروگرام میں تاریخ میں سب سے زیادہ تاخیر اور رکاوٹ کا باعث بن رہی ہیں اور حکومت اس کے بارے میں کیا کر رہی ہے۔عرفان شیخ نے کہا کہ معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے آئی ایم ایف پروگرام کے دوبارہ شروع ہونے کے بعد کیا اقدامات کیے جائیں گے اور حکومت ان اقدامات پر کاروباری برادری کو کیسے اور کب اعتماد میں لینے کا ارادہ رکھتی ہے۔انھوں نے کہا کہ پاکستان میں نجی شعبہ شدید پریشانی کا شکار ہے اور 21 فیصد پالیسی ریٹ کی وجہ سے اس کی معیشت میں سرمایہ کاری ختم ہو کر رہ گئی ہے، ساتھ ہی ساتھ روپے کی قدر میں اتار چڑھاؤ، مشاورت کے بغیر اقتصادی پالیسی سازی، تاریخی سیلاب اور اس کی تباہ کاریاں، بجلی اور گیس کے نرخوں میں بڑے پیمانے پر اضافے کے متعدد راؤنڈز نے حالات کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔صدر ایف پی سی سی آئی نے کہا کہ تاجروں کا حکومتی پالیسیوں پر سے اعتماد مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے اور اب تک آئی ایم ایف کے پروگرام کو بحال نہ کروا سکنے کی وجہ سے تمام معاشی سرگرمیاں ٹھپ ہو کر رہ گئی ہیں۔ہم نے پاکستان کی تاریخ میں کاروبار کرنے میں اتنی مشکلات کبھی نہیں دیکھیں۔

## آئی ایم ایف نے دنیا بھر میں شرح سود گرنے کی پیش گوئی کر دی

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا کہنا ہے کہ دنیا کی زیادہ تر معیشتوں میں بلند شرح سود برقرار نہیں رہ سکتی، افراط زر پر قابو پا لینے کے بعد شرح سود ایک بار پھر ماضی کی انتہائی نچلی سطح پر پہنچ جائے گی۔آئی ایم ایف نے پیر 10 اپریل کو کہا کہ ہمارے تجزیے سے پتہ چلتا ہے کہ حقیقی شرح سود میں حالیہ اضافہ عارضی ہونے کا امکان ہے۔جب افراط زر پر قابو پا لیا جائے گا تو ترقی یافتہ معیشتوں کے مرکزی بینک زری پالیسی میں نرمی لائیں گے اور حقیقی شرح سود کو وبائی امراض (کووڈ 19) سے پہلے کی سطح پر واپس لائیں گے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ دہائیوں میں سب سے زیادہ جارحانہ مانیٹری پالیسی کے بعد، ترقی یافتہ معیشتوں میں شرح سود میں کمی آنا شروع ہو جائے گی اور "صفر نچلی حد" کی سطح تک پہنچ جائے گا جبکہ ترقی پذیر معیشتوں میں بھی اس شرح میں مسلسل کمی دیکھنے کو ملے گی۔آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ ترقی یافتہ معیشتوں میں شرح سود کی 'قدرتی' سطح کم رہے گی یا ابھرتی ہوئی مارکیٹوں میں مزید گراوٹ آئے گی۔" قدرتی شرح مرکزی بینکوں کے لئے ایک حوالہ ہے جو مالیاتی پالیسی کے موقف کا اندازہ لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔یہ مالیاتی پالیسی کے لئے بھی اہم ہے۔یہ تحقیق طویل مدت میں بینکاری کے خدشات کے بارے میں کچھ دباؤ کو کم کرتی ہے کیونکہ بینکاری بحران نے کریڈٹ کے سخت حالات اور اعلیٰ شرح سود کے درمیان قرض لینے کی لاگت کے خطرے کو بڑھا دیا ہے۔مانیٹری پالیسی میں ایک بار پھر نرمی کے ساتھ، حکومتیں اور کاروباری ادارے زیادہ سستے قرضے لے سکتے ہیں۔آئی ایم ایف نے اس موضوع کا جائزہ لینے کا فیصلہ اس وقت کیا جب یہ بتایا گیا کہ وبائی مرض نے گلوبلائزیشن اور انتہائی کم شرحوں کے رجحانات کو الٹتے ہوئے قدرتی شرح سود میں اضافہ کیا ہے۔آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ "ترقی یافتہ معیشتوں میں قدرتی شرح کم رہنے کا امکان ہے۔ چونکہ ابھرتی ہوئی مارکیٹ کی معیشتیں زیادہ جدید ٹیکنالوجی کو اپناتی ہیں، توقع ہے کہ مجموعی عنصر کی پیداواری نمو ترقی یافتہ معیشتوں کی رفتار میں ضم ہو جائے گی۔'منیجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا نے کہا کہ 2023 میں عالمی شرح نمو 3 فیصد سے کم رہنے کی توقع ہے اور آئندہ 5 سال تک اسی سطح کے آس پاس رہے گی، جو ایک کمزور پیش گوئی ہے۔جارجیوا نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے موسم بہار کے اجلاسوں سے قبل ایک تقریر میں کہا، "حیرت انگیز طور پر لچکدار لیبر مارکیٹوں اور صارفین کی مضبوط طلب کے باوجود، چین میں ترقی کے باوجود، ہم توقع کرتے ہیں کہ اس سال عالمی معیشت 3 فیصد سے بھی کم ترقی کرے گی۔جارجیوا نے یہ بھی نشاندہی کی کہ ہندوستان اور چین 2023 میں عالمی ترقی کا نصف حصہ ہوں گے، جبکہ تقریباً 90 فیصد ترقی یافتہ معیشتوں میں ترقی کی شرح میں کمی دیکھی گئی ہے۔

## زرمبادلہ کا کاروبار کرنے والی 3 کمپنیوں کے لائسنس منسوخ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک):اسٹیٹ بینک نے زرمبادلہ کا کاروبار کرنے والی 3 کمپنیوں کے لائسنس منسوخ کر دیے ہیں۔بینک کے جاری بیان کے مطابق میسرز کیپٹل ایکس چینج کمپنی، بی (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور گوہر ایکس چینج کمپنی کے زرمبادلہ سے متعلق لائسنس منسوخ کر دیے گئے ہیں لہٰذا اب ان کمپنیوں کو زرمبادلہ کا کاروبار کرنے کی اجازت نہیں۔

## شرافت حسین کے بھائی نزاکت حسین انتقال کر گئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن شہریار خان اور سینئر نائب صدر اپیما ناردرن زون شرافت حسین کے بھائی نزاکت حسین گزشتہ دنوں اسلام آباد میں انتقال کر گئے۔خامس سعید بٹ سمیت پیپر ٹریڈ سے وابستہ افراد نے مرحوم کے انتقال پر شہریار خان اور شرافت حسین سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## ضروری اعلان

رمضان المبارک میں اوقات کار میں کمی اور عید الفطر کی تعطیلات کے باعث ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاءاللہ 28 اپریل 2023ء کو شائع ہوگا۔مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔(ادارہ)

## اسٹیٹ بینک نے شرح سود مزید بڑھا دی

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے شرح سود میں مزید ایک فیصد اضافہ کر دیا جس کے بعد شرح سود 21 فیصد کی نئی بلند ترین سطح پر آ گئی ، ترجمان اسٹیٹ بینک کے مطابق منگل 4 اپریل 2023 کو زری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کے اجلاس میں پالیسی ریٹ کو 100 بیسس پوائنٹس بڑھا کر 21 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔کمیٹی نے نوٹ کیا کہ مارچ 2023ء میں مہنگائی مزید بڑھ کر 35.4 فیصد ہو گئی اور توقع ہے کہ قریبی مدت میں بلند رہے گی۔جاری کھاتے کا خسارہ کم ہوا ہے ' توازنِ ادائیگی کی مجموعی پوزیشن بدستور دباؤ میں ہے، زرِمبادلہ کے ذخائر اب بھی پست سطح پر ہیں۔ایم پی سی آج کے فیصلے کو وسط مدتی ہدف ، جو قیمتوں کے استحکام کا مقصد حاصل کرنے کے لیے بے حد اہمیت کا حامل ہے، کے گرد مہنگائی کی توقعات کو برقرار رکھنے کی جانب اہم قدم کے طور پر دیکھتی ہے۔کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کا مالی شعبہ زیادہ تر مستحکم ہے جبکہ معاشی سرگرمیوں میں مسلسل اعتدال آتا جا رہا ہے۔کمیٹی نے گزشتہ اجلاس سے اب تک ایسی تین اہم پیش رفت نوٹ کیں جن کے کلی اقتصادی منظر نامے پر مضمرات ہوں گے۔پہلی ، جاری کھاتے کا خسارہ خاصی حد تک اور اتنا کم ہوا ہے جس کی توقع نہ تھی، اور اس کی بڑی وجہ درآمدات کو قابلِ لحاظ حد تک محدود کرنا ہے۔اس سے قطع نظر، توازنِ ادائیگی کی مجموعی پوزیشن بدستور دباؤ میں ہے، زرِمبادلہ کے ذخائر اب بھی پست سطح پر ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# IBM محمد سلیم بیکیا کی جانب سے تاجروں کو رمضان کے تحائف














چیئرمین، بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس اور صدر انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ محمد سلیم بیکیا نے رمضان المبارک 1444ھ کی آمد کے موقع پر کراچی ولاہور کے ممتاز تاجر رہنماؤں اور اراکین اپیما کو تحائف ارسال کئے ہیں۔لاہور میں محمد سلیم بیکیا کی جانب سے لیڈر بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ نے صدر بزنس مین پینل اور سابق صدر فیڈریشن میاں انجم نثار، صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ، صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف انور، سینئر نائب صدر ظفر محمود اور نائب صدر عدنان خالد بٹ کو یہ تحائف پیش کئے۔اس موقع پر لی گئی تصاویر میں سابق سینئر نائب صدر فیڈریشن شاہزیب اکرم، محمد علی میاں سابق صدر لاہور چیمبر، ابوذر شاد سابق چیئرمین پیاف، فہیم سہگل چیئرمین پیاف، نصر اللہ مغل سینئر وائس چیئرمین، طاہر منظور چوہدری وائس چیئرمین پیاف ودیگر موجود ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# اظہار تعزیت

ہم سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن

## جناب ملک محمد حنیف

ان کے برادران!

## جناب ملک محمد سہیل۔ جناب ملک محمد تنویر

## جناب ملک محمد شکیل۔ جناب ملک محمد شہزاد

## اور جناب ملک محمد عمران

سے ان کے والد محترم **ملک محمد لطیف** کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ تمام لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت و طاقت دے اور انہیں مرحوم کے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

منجانب: **محمد سلیم بیکیا**

چیئرمین بزنس مین پینل۔آل پاکستان پیپر مرچنٹس، چیف ایگزیکٹو **IBM**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پاکستان کاروگیٹڈ کارٹن مینوفیکچررز کے وفد کی فیڈریشن کے ریجنل صدر کے ہمراہ وزیر صنعت سے ملاقات

لاہور (بزنس ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے وفد نے ریجنل چیئرمین محمد ندیم قریشی کی سربراہی میں وفاقی وزیر صنعت و پیداوار سید مرتضی محمود سے ملاقات کی اور پیکجنگ کے شعبے کو صنعت کا درجہ دینے کا مطالبہ کیا۔ وفد میں سابق سینئر نائب صدر خواجہ شاہ زیب اکرم، نائب صدر لاہور چیمبر عدنان خالد بٹ، آل پاکستان کاروگیٹڈ کارٹن مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن (اے پی سی ایم اے) کے چیئرمین ذکی اعجاز قریشی اور محمد شاہد بیگ بھی شامل تھے۔ اس موقع پر محمد ندیم قریشی نے کہا کہ پیکجنگ پاکستان کا پانچواں سب سے بڑا اسیکٹر ہے اور برآمد پر مبنی اور مقامی صنعتوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ حکومت پیکجنگ کے شعبے کو ایکسپورٹ پر مبنی صنعت کا درجہ دے، صنعت کے درجے کے بعد حکومت کو پیکجنگ سیکٹر سے سیلز اور انکم ٹیکس کی مد میں زیادہ انکم حاصل ہو گی۔ محمد ندیم قریشی نے مزید کہا کہ 2022 کے ڈیٹا کے مطابق پاکستان کی برآمدات میں پیکجنگ کا بالواسطہ شیئر 10 فیصد بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال دنیا کو پاکستان کی کل برآمدات 31.8 بلین امریکی ڈالر رہیں جس میں پیکجنگ سیکٹر کا بالواسطہ شیئر تقریباً 3.18 بلین ڈالر رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیکجنگ سیکٹر کے خام مال کو امپورٹ کی بنیادی لسٹ میں شامل کیا جائے۔ لاہور چیمبر کے نائب صدر عدنان خالد بٹ اور اے پی سی ایم اے کے چیئرمین ذکی اعجاز قریشی نے بھی سید مرتضی محمود کو پیکجنگ انڈسٹری کے حوالے سے بریفنگ دی۔ سید مرتضی محمود نے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ قومی معیشت میں اہمیت کے حامل پیکجنگ سیکٹر کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس سیکٹر سے وابستہ صنعتکاروں اور کاروباری طبقہ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیکجنگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دینے کے لئے باہمی مشاورت اور تجاویز کی روشنی میں لائحہ عمل کر طے کریں گے، پیکجنگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دیا جائے گا اور خام مال کی ایل سیز نہ کھولنے کا مسئلہ بھی حل کر دیا جائے گا۔

# افغانستان سے درآمدات کے لئے فارم آئی کی چھوٹ میں 45 یوم کا اضافہ

کراچی (نیوز ڈیسک) وزارت تجارت نے افغانستان کے ساتھ پاکستانی روپے میں کی جانے والی درآمدات کی مدت میں 45 یوم کا اضافہ کردیا ہے۔ تفصیلا ت کے مطابق وزارت تجارت کی جانب سے افغانستان کے ساتھ کی جانے والی بارڈر ٹریڈ کا ایک میکانزم تیار کیا جارہا ہے اور اس میکانزم کی تیاری میں ابھی مزید کچھ وقت درکار ہے اور اس نظام کی تیاری تک افغانستا ن کے ساتھ ہونے والی درآمدات پاکستانی روپے میں کرنے کے لئے 45 یوم 15 مئی 2023 تک اضافہ کردیا گیا ہے تاہم اب افغانستان سے کی جانے والے درآمدات پاکستانی روپے میں 15 مئی 2023 تک کی جاسکے گی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل افغانستان سے کی جانے والی تجارت میں 31 مارچ 2023 تک کا اضافہ کیا گیا تھا۔

# برآمدی رقوم کی تاخیر سے وصولی پر 9 فیصد تک جرمانہ ہوگا

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے تمام مجاز بینکوں کو برآمدکنندگان کی جانب سے برآمدی رقم کی تاخیر سے وصولی سے متعلق ہدایات کا تعین کیا گیا ہے اس ضمن میں اسٹیٹ بینک کی جانب سے سرکولر نمبر 2 جاری کیا گیا ہے ، اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ سرکولر میں کہا گیا ہے کہ متعدد اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے موصول ہونے والی نمائندگی کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جو برآمدکنندگان 30 اپریل 2023 تک اپنی تاخیری برآمدات رقم کو پاکستان لانے کے قابل ہوں گے انہیں کسی قسم کی کٹوتی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا اور ان کی برآمدی رقم کو پاکستانی روپے میں تبدیل کر کے جاری کیا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک کی مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق تمام مجاز بینکوں کی طرف سے روکی گئی رقوم بھی برآمدکنندگان کو جاری کردی جائیں گی۔ مذکورہ سرکلر کے ذریعے دی گئی ہدایات میں مزید ترمیم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، ایسی صورتوں میں جہاں برآمدی رقم (مکمل یا جزوی طور پر) مقررہ مدت کے بعد حاصل ہو جاتی ہے مجاز بینک برآمدی آمدنی کو موجودہ مارکیٹ ایکسچینج ریٹ پر تبدیل کرے گا اور اسے برآمدکنندگان کے اکاؤنٹ میں جمع کرے گا ، سرکولر میں مزید کہا گیا ہے کہ مجاز بینک برآمدکنندہ کی طرف سے وصول ہونے والی برآمدی آمدنی کی رقم پر ایک لین مارک لگایا جائے گا جس میں برآمدی رقم کا فیصد 30 دن تک 3 فیصد 31 سے 60 دن تک 6 فیصد اور 60 دن سے زیادہ 9 فیصد جرمانہ عائد ہوگا، تمام مجاز بینکوں کی طرف سے ایسے تمام لینز کے بارے میں ایک متفقہ بیان تمام بینکوں کے ہیڈ، پرنسپل دفاتر کی طرف سے مقررہ فارمیٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر ڈائریکٹر ، فارن ایکسچینج آپریشنز ڈیپارٹمنٹ کو جمع کرایا جائے گا۔ فارن ایکسچینج آپریشنز ڈیپارٹمنٹ تمام رپورٹ شدہ کیسوں کے لیے برآمدی رقم کی وصولی میں تاخیر کے حوالے سے فارن ایکسچینج ایڈ جیوڈیکیشن ڈیپارٹمنٹ کو شکایت درج کرائے گا۔ اس کے بعد فارن ایکسچینج آپریشنز ڈیپارٹمنٹ کے حکم کے مطابق جرمانہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس جمع کرائے گا، فارن ایکسچینج آپریشنز ڈیپارٹمنٹ برآمدکنندہ پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کرتا ہے تو، قانون کے تحت پوری رقم برآمدکنندہ کو جاری کردی جائے گی۔ جبکہ برآمدی بلوں، برآمدی وصولیوں کے معاملات میں لاگو نہیں ہوں گی جنہیں برآمدکنندہ کے ذریعہ مجاز بینکوں کو رعایت دی جاتی ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے دی جانے والی ہدایات فوری طور پر لاگو ہوں گی۔ مجاز ڈیلرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ان ہدایات کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔

# ڈی جی آئی اینڈ آئی فیض احمد اور ممبر کسٹم کرم جاہ کی گریڈ 22 میں ترقی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز انٹیلی جنس فیض احمد کی گریڈ 21 سے گریڈ 22 میں ترقی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے ، ایف بی آر نے نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ کسٹمز سے تعلق رکھنے والے دو افسران ڈائریکٹر جنرل کسٹمز انٹیلی جنس فیض احمد اور ممبر کسٹمز آپریشن مکرم جاہ انصاری کی گریڈ 21 سے گریڈ 22 میں ترقی کردی گئی ہے تاہم ترقی پانے والے دونوں افسران اپنی موجودہ پوسٹ پر ذمہ داریاں انجام دیں گے، ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ ممبر کسٹمز آپریشن اور ڈائریکٹر جنرل کسٹمز انٹیلی جنس کی پوسٹ کو 22 گریڈ کے مساوی کردیا گیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کئے جانے والے ایک اور نوٹیفکیشن کے مطابق ان لینڈ ریونیو سے تعلق رکھنے والے گریڈ 21 کے سید ندیم حسین رضوی اور محمد ندیم آصف کی گریڈ 22 میں ترقی کردی گئی ہے۔ دریں اثنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ان لینڈ ریونیو سے تعلق رکھنے والے گریڈ 19 تا گریڈ 20 کے 35 افسران کے تبادلوں و تقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 20 کے قاضی افضل ،ظفر اقبال خان ،سجاد تسلیم اعظم ،محمد نصیر جنجوعہ، حوزیر بخش لغاری ،زسیما اعجاز، فائزہ بتول، عائشہ عمران بٹ، فیصل رؤف میمن ، خلیل فاروق میاں، محمد اصغر خان ، ڈاکٹر محمد اسلم مری، لال محمد خان ، ظفر رفیق صدیقی، ذوالقرنین علی شاہین، ذوالفقار علی سید، رفیق الراحمن میمن، ایس جعفر رضا کاظمی ، عبدالقادر شیخ، اعظمیٰ صادق ، رشید حسین جمالی، محمد عاصم خٹک، عبدالحفیظ، حمل بلوچ، طارق حسین شیخ، نائب علی پٹھان ، ڈاکٹر نجیب اللہ، اظہر ارم میمن ، جاوید اقبال ، مریم حبیب، محمد اکبر مہر ،گریڈ 19 کے رحمت اللہ خان ، نیئر محمود اور مکھنو خان مہر کے تبادلے و تقرریاں کی گئی ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایف بی آر نے پاکستان سنگل ونڈو کے تجارتی ڈیٹا کی ترسیل کے قواعد جاری کردیے

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلو) کے ڈیٹا کی تقسیم کے لیے قواعد جاری کردیے۔اس ضمن میں ایف بی آر نے ایس آر او 406 جاری کردیا۔ایف بی آر نے کہا کہ ایکٹ کے تحت پاکستان سنگل ونڈو سسٹم کے ذریعے تجارت سے متعلق کوئی بھی معلومات، ٹرانسمیشن، دستاویزات، ڈیٹا یا ریکارڈ کو خفیہ رکھا جائے گا اور اسے استعمال نہیں کیا جائے گا سوائے اس کے کہ ان قوانین کے تحت فراہم کیا جائے۔کسٹمز اور دیگر حکومتی ایجنسیاں پاکستان سنگل ونڈو کے ساتھ ڈیٹا کا تبادلہ کرنے والے سرکاری یا نجی شعبے کے دیگر ادارے ذاتی ڈیٹا، ذاتی رازداری، انفرادی ریکارڈز اور لین دین کی رازداری کو یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کریں گے،بشمول رسک پروفائلز اور اس طرح کی دیگر مات، اور دیگر اداروں اور افراد کے ساتھ معلومات کی غیر مجاز ترسیل یا اشتراک کو روکنے اقدامات کریں گے۔آپریٹنگ ادارہ اس کے ذریعہ جمع کردہ تجارتی ڈیٹا یا اس سے منسلک کسی بھی ذیلی نظام بشمول کسٹمز کمپیوٹرائزڈ سسٹم، پورٹ کمیونٹی سسٹم،ٹریڈ انفارمیشن پورٹل وغیرہ یا اس سے منسلک کسی بھی نظام کو اپنے کسی بھی مجاز مقاصد کے لیے پھیلا سکتا ہے-ایس آر او میں کہا گیا ہے معلومات کی آگہی کے لئے سرکاری ویب سائٹس، الیکٹرانک، پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا، تحقیقی اشاعت خبروں کے ذریعے کی جاسکتی ہے جبکہ سرحد پار تجارت سے متعلق اعدادوشمار، عوامی پالیسی کا تجزیہ اور تشکیل کی اشاعت، عدالت، ٹریبونل یا کسی دوسرے ملکی یا بین الاقوامی ثالثی فورم کے سامنے یا حکومتی ایجنسیاں کے آپریشنل یا نفاذ کی ضروریات میں سے کسی کے حصول کے لیے جمع کرانا شامل ہے، پاکستان سنگل ونڈو سسٹم سے کسی بھی معاہدے، عدالت کے حکم یا پاکستان سنگل ونڈو کی گورننگ کونسل کی اجازت کے تحت تجارتی ڈیٹا حاصل کرتے ہیں،موصول ہونے والے ڈیٹا کو رازدارانہ تصور کریں گے اور اسے شیئر نہ کریں گے۔اگر کسی بھی تجارتی ڈیٹا افشاء کرنے کی کی ضرورت ہے وہ براہ راست یا بالواسطہ قانون کے مطابق مقامی،قومی یا بین الاقوامی ریگولیٹری یا قانون نافذ کرنے والی اتھارٹی یا ایجنسی، ٹربیونل، عدالت کے ذریعہ تجارتی ڈیٹا جاری کرے۔کسٹمز،حکومی ایجنسیاں یا وفاقی یا صوبائی حکومت کے اداروں یا ان کے پاس رکھے گئے اور اس پر کارروائی کیے گئے ڈیٹا، ڈیٹا وصول کنندہ کو مستعدی سے کام لینا چاہیے اور پاکستان سنگل ونڈو کے تجارتی ڈیٹا کا کوئی بھی انکشاف کرنے سے پہلے فوری طور پر ایسے آپریٹنگ ادارے کو مطلع کریں۔درآمدات اور برآمدات کا تجارتی ڈیٹا صرف مجاز سرکاری ایجنسیوں اور محکموں کے ساتھ اس طرح کی دیگر تنظیموں سے پیشگی تحریری منظوری حاصل کرنے کے بعد شیئر کیا جائے گا اور اسے عوامی طور پر پھیلا یا شائع یا غیر سرکاری اداروں کے ساتھ شیئر نہیں کیا جائے گا۔آپریٹنگ ادارہ یا اس سے وابستہ افراد، تنظیمیں یا ادارے وغیرہ اس سلسلے میں پیشگی تحریری رضامندی حاصل کیے بغیر ان کے پاس موجود کسی ایسے ڈیٹا کو ظاہر نہیں کریں گے۔

## وفاقی حکومت کی جانب سے غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس کا نفاذ کالعدم

لاہور(نیوز ڈیسک) عدالت عالیہ نے غیر منقولہ جائیدادوں سے متعلق تفصیلی فیصلہ جاری کردیا، وفاقی حکومت کے غیر منقولہ جائیدادوں کی مالیت پر ٹیکس کے نفاذ کے خلاف درخواستیں منظور کرلی گئیں،عدالت نے تحریری فیصلے میں غیر منقولہ جائیداد کی مارکیٹ ویلیو کو آمدنی قرار دینا قانون سازی کے اختیار سے منافی قرار دے دیا۔تفصیلات کے مطابق غیر منقولہ جائیدادوں پر ٹیکس کے معاملے پر لاہور ہائیکورٹ نے 1200 سے زائد درخواستوں پر تحریری فیصلہ جاری کردیا، 50 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جسٹس شاہد جمیل خان نے جاری کیا،غیر منقولہ جائیدادوں پر ٹیکس کے خلاف درخواستیں عثمان گل سمیت دیگر نے لاہور ہائیکورٹ میں دائر کی تھیں،درخواست گزاروں کی جانب سے محسن ورک ایڈووکیٹ، مقدم منشا سکھیرا اور ایف بی آر کی طرف سے خالد اسحاق ایڈووکیٹ پیش ہوئے تھے۔عدالت نے وفاقی حکومت کے غیر منقولہ جائیدادوں کی مالیت پر ٹیکس کے نفاذ کے خلاف درخواستیں منظور کرلیں،عدالت نے تحریری فیصلے میں غیر منقولہ جائیداد کی مارکیٹ ویلیو کو آمدنی قرار دینا قانون سازی کے اختیار سے منافی قرار دے دیا ،فیصلے میں لکھا گیا کہ اس قانون کے تحت غیر منقولہ جائیداد کو آمدنی تصور کرنا درست نہیں، یاد رہے وفاقی حکومت نے ذاتی گھر ، آفس اور زرعی زمین کے علاوہ اڑھائی کروڑ سے زائد کی جائیداد پر 7 ای کے تحت ٹیکس لگایا تھا۔

## کنٹینر کلیئر کرانے کیلیے تاجروں کا اسٹیٹ بینک کو خط

کراچی (بزنس ڈیسک ) وفاق ایوانہائے تجارت وصنعت پاکستان کی جانب سے کنٹینر کلیئر کرانے کے لیے گورنر اسٹیٹ بینک کو خط ارسال کردیا گیا۔بندرگاہوں پر صنعتی خام مال و دیگر اشیاء پر مشتمل طویل عرصے سے رکے کنٹینرز کی کلیئرنس کے لیے حکومت پر دباؤ بڑھتا جارہا ہے۔وفاق ایوانہائے تجارت وصنعت پاکستان کی جانب سے اس مسئلے کے حل کے لیے گورنر اسٹیٹ بینک کو خط ارسال کردیا گیا ہے جس میں درآمد شدہ خام مال کی کلیئرنس کے مسئلے پر ہنگامی اجلاس طلب کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔خط میں کہا گیا ہے تاریخ میں کبھی بھی اس سے قبل ایسے معاشی حالات پیدا نہیں ہوئے۔خط میں نائب صدر ایف پی سی سی آئی شبیر منشاء نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی کو تجارت وصنعت کے مختلف شعبوں سے شدید دباؤ کا سامنا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ موجودہ معاشی حالات کے تناظر میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں، خط میں شبیر منشاء نے کہا کہ مختلف اوقات میں اسٹیٹ بینک کو درآمدی مال کی عدم دستیابی کی آگاہی کے باوجود کچھ نہیں کیا گیا۔خط میں کہا گیا ہے ایکسچینج کمپنیز کو ڈالر خرید کر امپورٹ کرنے کی اجازت دی جائے، امپورٹرز ایکسچینج کمپنیز سے ڈالر خرید کر اپنا درآمدی مال کلیئر کراسکیں گے۔خط میں کہا گیا ہے کہ درآمدات کی مد میں تمام اقسام کی ادائیگیوں کو 180 سے 365 دنوں کی حد تک توسیع دی جائے، درآمدی خام مال کی اوپن اکاونٹ کی سہولت دوبارہ بحال کی جائے۔خط میں تجویز دی گئی ہے کہ درآمدی مال کے لیے ڈالر کا ازخود انتظام کرنے پر بینکنگ فنانشل انسٹرومنٹ کی شرط کو ختم کیا جائے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 24ارب ڈالرلانے کی پیشکش، قائمہ کمیٹی نے ایکسچینج کمپنیوں کو بلالیا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے اور شرح مبادلہ میں استحکام کیلیے ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کی جانب سے ملک میں 24 ارب ڈالر لانے کی پیشکش کا جائزہ لینا شروع کردیا۔سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے بعد قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے بھی آئندہ ہفتے ایکسچینج کمپنیز کے نمائندوں کو بریفنگ کیلیے طلب کرلیا، اس بارے میں ایسوسی ایشن کے رہنما ملک بوستان نے گفتگو کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی کہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے اگلے ہفتے بریفنگ کیلئے بلایا ہے۔کمیٹی حکام کا کہنا ہے کہ شرح مبادلہ میں استحکام اور ملکی زرمبادلہ کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ایسوسی ایشن کی تجاویز کا جائزہ لے کر وہ اپنی سفارشات وزیراعظم کو بھجوائیں گے،تجاویز بارے وزارت خزانہ کے حکام سے جب رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ شرح مبادلہ میں استحکام لانے اور زرمبادلہ کے ذخائر یں اضافے سے متعلق تجاویز دی گئی ہیں۔ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ تجاویز کا جائزہ لے رہی ہے، قابل عمل تجاویز پر عمل کیا جائے گا۔دوسری جانب ملک بوستان کا کہنا ہے کہ حکومت کو ماہانہ ایک ارب ڈالراور دو سال تک 24ارب ڈالر فنڈز فراہمی کی پیشکش کی ہے، ایسوسی ایشن کی جانب سے 10 سے 15 ہزار ڈالرز کی خریدوفروخت پر شناختی کارڈ کی شرط ختم کرنے سمیت فاریکس ٹریڈ مارکیٹ کیلئے شرائط نرم کرنے کا مطالبہ کیا، اگر ایسوسی ایشن کی تجاویز پر عمل کیا جائے تو آئی ایم ایف سے نجات یقینی ہے،ہم نے ایسی تجاویز نہیں دیں جو قابل عمل نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ ہم اس سے پہلے 1998 میں ایسا کر کے دکھا چکے ہیں، اس وقت تو ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر 40 کروڑ ڈالر کی کم ترین اور خطرناک ترین سطع پر آچکے تھے، ایٹمی دھماکوں کے باعث پاکستان پر اقتصادی پابندیاں بھی عائدتھیں، ہم ذرمبادلہ کے ذخائر کو بڑھا کر دس ارب ڈالر تک لے کر گئے تھے، ہمارے ماڈل اور تجاویز کو ترکی نے نافذ کر کے ڈالر کے مسئلے پو قابو پایا تو ہم کیوں نہیں کرسکتے ہیں۔

## آئی ایم ایف سے معاہدے تک درآمدی پابندیاں برقرار رہیں گی، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی(مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے گورنر جمیل احمد نے کہا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ عملے کی سطح کا معاہدہ طے پانے تک درآمدی پابندیاں برقرار رہیں گی۔اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے بعد بات کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ درآمدی پابندیوں کے اقدامات عارضی ہیں اور انہیں بتدریج ہٹایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی بینک نے کیش مارجن کی ضرورت اور اسٹیٹ بینک سے درآمدات کے لیے منظوری کی شرط ختم کردی ہے۔موجودہ مالی سال کے لیے فنانسنگ کی ضروریات پر تبصرہ کرتے ہوئے، گورنر نے کہا کہ $ 23بلین میں سے جن کی ادائیگی کمالی سال 2023 کے اندر کی جانی تھی، زیادہ تر ادائیگیاں یا تو کردی گئی ہیں یا کموخر دی گئی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جون کے آخر تک 4.5 بلین ڈالر کی ادائیگی کرنی ہے جس میں سے 2.3 بلین ڈالر کی رقم لوٹائی جائے گی اور 2.2 بلین ڈالر دوطرفہ اور کثیر جہتی قرض دہندگان کو ادا کرنے ہیں جبکہ صرف 100 ملین ڈالر کمرشل قرض دہندگان کو ادا کرنے ہیں۔گورنر نے کہا کہ مالی سال 23 میں ملک کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 5 (CAD) بلین ڈالر سے کم رہنے کی توقع ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ فروری 2023 کے لیے صرف کرنٹ مالی خسارہ 74 ملین ڈالر رہا۔مرکزی بینک کے گورنر نے کہا کہ آئی ایم ایف سے بات چیت جاری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پہلے سے اقدامات کیے جا چکے ہیں اور آخری رکاوٹ مالیاتی وعدے ہیں جو جلد ہی آنے کی امید ہے۔

## ایل سیز کھلنے میں مشکلات برقرار ہیں' پاکستان انٹرنیشنل فریٹ فارورڈرز

لاہور(بزنس ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل فریٹ فارورڈرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ موجودہ ابتر حالات میں آئندہ مالی سال کا بجٹ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا اس لئے حکومت کو تمام اسٹیک ہولڈرز سے فی الفور مشاورت شروع کرنی چاہیے، ایل سیز کھلنے کے حوالے سے مشکلات بدستور برقرار ہیں جس سے فریٹ فارورڈنگ کا شعبہ بری طرح متاثر ہورہا ہے۔ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین رانا طارق محمود، ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران فرحان سلیم ،سیف اللہ خان ،محمد ارشد، اسد اللہ خان، سابق چیئرمین محمد جمیل احمد، اظہار الحق قمر، محمد الیاس چودھری اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت سے اپیل ہے کہ ڈالرز کی قلت کو ختم کرنے کے لیے سوچ بچار کرے ۔ایسی مراعاتی اسکیمیں لائی جائیں جس سے نہ صرف پاکستان کے اندر لوگ ڈالرز کو مارکیٹ میں لائیں بلکہ اوورسیز پاکستانی بھی پاکستان میں ڈالرز بھیجیں۔فارن ایکسچینج ڈیلرز کی جانب سے حکومت کو ڈالرز کی قلت ختم کرنے کے لئے جو پیشکش کی گئی ہے اس پر بھی غور کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ کارگوز کے مسائل آج بھی جوں کے توں ہیں، روزانہ کی بنیاد پر ڈیمرج پڑنے سے کاروباری طبقے کی نیندیں اڑی ہوئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت مسائل کے حل کے لئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور اس کے لئے اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے۔

## پرتعیش اشیا پر اضافی ٹیکسز کے نفاذ کی مدت ختم

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے 1800 سی سی تک کی استعمال شدہ کاروں پر ریگولیٹری ڈیوٹی مکمل طور پر ختم کردی ہے اور نئی کاروں، موبائل فونز اور دیگر اشیا پر بھی ریگولیٹری ڈیوٹی میں نمایاں کمی کی ہے، جس کے نتیجے میں صارفین کو قیمتوں میں بڑا ریلیف ملے گا۔واضح رہے کہ خراب معاشی حالات کے سبب حکومت نے امپورٹس کم کرنے کیلیے بھاری ٹیکس عائد کیے تھے، لیکن اس کے نتیجے میں محض 400 ملین ڈالر کے ٹیکس جمع ہوئے جبکہ معاشی سرگرمیوں کو شدید دھچکا لگا۔اس حوالے سے جاری کئے گئے دو لیگل ریگولیٹری آرڈر میں مزید توسیع نہ کیے جانے کی وجہ سے یہ حکمنامے 31 مارچ کو ختم ہو گئے ہیں۔جس کے نتیجے میں نئی و پرانی کاروں، ہوم اپلائنسز، ہائی ٹیک موبائلز، گوشت، مچھلیوں، فروٹ سبزیوں، جوتوں، فرنیچر، میوزیکل انسٹرومنٹ، کتے بلیوں کی خوراک، اور آئس کریم پر عائد مختلف اقسام کے ٹیکسز میں نمایاں کمی ہوگئی ہے۔پورٹس پر پھنسی ہوئی 700 مختلف گاڑیوں کو بھی اس سے ریلیف ملے گا۔

## عیدالفطر پر 5 سرکاری تعطیلات کا اعلان

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) ملک بھر میں عیدالفطر پر 5 سرکاری تعطیلات کا اعلان کردیا گیا ہے یہ تعطیلات جمعرات 20اپریل تا پیر 24اپریل تک ہوں گی۔

Get your Soft Copy of
"Weekly Paper Business"
Karachi
in just
Rs. 1500/=
Per Annum on
Every Friday
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## اینٹی کیوٹیز آرکائیوز ڈپارٹمنٹ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر آفس، عقب رومی قبرستان، نزد گرڈ اسٹیشن، ناردرن بائی پاس، کراچی۔

موبائل: 0300-8992108

## منسٹری آف نیشنل فوڈ سیکورٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 1-2/2022-23/DPP/Store

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: اسٹور سیکشن، (M.T-2) ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔

فون: 021-99248612-5 / 0313-2280498

## محتسب پنجاب کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

سالانہ رپورٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: آفس، پروفیسر اشفاق علی خان روڈ، لاہور۔

فون: 042-99211404-99212503

## پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PIM-PRQ-REG/SWD01/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: ڈپٹی منیجر (ایڈمن) مینجمنٹ ہاؤس، شاہراہ ایران، کلفٹن، کراچی۔

فون: 021-99251711-14

## اسٹیٹ لائف کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:

P&GS/KEZ/Stationery/004/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: انچارج، پی اینڈ جی ایس، کراچی ایسٹرن زون، بنگلو نمبر-2، بلاک 7&8، مقبول آباد، نزد فائن ہاؤس بس اسٹاپ، شاہراہ فیصل، کراچی۔

## ہیلتھ کیئر ڈپارٹمنٹ پنجاب کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PSPU/Admn/1-8/2023

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 600 ریم۔

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 600 ریم

اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: 01-، بردوڈ روڈ، لاہور۔

فون: 042-99202278-79




## پرنٹرز کی پری کوالی فکیشن

مارکیٹنگ میٹریل کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: ہیڈ آفس، کمرشل ایریا (نارتھ)، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ، رائیونڈ روڈ، لاہور۔ فون: 042-35297203-5

## واٹر مینجمنٹ پنجاب کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:

Stationery & Other/OFWM/2022-23

آفسیٹ پیپر اور اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر جنرل آفس، ایگریکلچر ہاؤس، 21۔ ڈیوس روڈ، لاہور۔ فون: 042-99200962

## یونیورسٹی آف سرگودھا کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 3550 ریم

پیپر لیگل سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 50 ریم

نیوز لیٹر کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 مئی 2023

برائے رابطہ: سینٹرل پرچیز کمیٹی، پرچیز آفس، سرگودھا۔

فون: 048-9230110 - 9230811-Ext: 501

## نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 675 ریم

کمپیوٹر پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 100 ریم

مختلف اقسام کے لفافے اور اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 اپریل 2023

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) آفس، پنجاب نارتھ، شاہ پور انٹرچینج، ملتان روڈ، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔

فون: 042-99232560

## یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PC-10-CH&UCHS/2023

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر حوالہ نمبر: PC-11-CH&UCHS/2023

پرنٹنگ آرٹیکلز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اپریل 2023ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ، فیروز پور روڈ، لاہور۔

فون: 042-99230901-23

# کرونا کے باعث بند پاک چین تجارت کیلئے، خنجراب بائی پاس کھول دیا گیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) چین اور پاکستان کے درمیان تین سال کی بندش کے بعد تجارت اور سفری سہولیات پیر 3 اپریل 2023 سے دوبارہ بحال ہوجائیں گی اور خنجراب بائی پاس کو کھول دیا جائے گا۔ چین اور پاکستان کے حکام نے سی پیک کے تحت سرگرمیوں اور دوطرفہ تجارت کی بحالی کے لیے خنجراب پاس راہداری دوبارہ کھولنے کے تمام انتظامات مکمل کر لیے جس کے بعد سی پیک منصوبوں اور دوطرفہ تجارت میں ایک مرتبہ تیزی آجائے گی۔ ایک معاہدے کے تحت دونوں ممالک خنجراب پاس کے ذریعے یکم اپریل سے 30 نومبر کے دوران پورا سال تجارتی وسفری سرگرمیوں کو انجام دیتے ہیں۔ معاہدے کے تحت گلگت بلتستان کی وادی سُست کے سرحدی مقام سے چین کے سنکیانگ ریجن روزانہ بس روانہ ہوتی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) فریم ورک کے تحت نومبر 2016ء سے یہ انتظام بہت اچھے انداز سے جاری تھا تاہم نومبر 2019ء میں اسے راہداری اور تجارتی وسفری انتظام کو بند کر دیا گیا تھا۔ اس بندش کی وجہ کورونا وبا بیان کی گئی تھی۔ اس بندش کی وجہ سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہو گئے تھے۔ ایک اندازے کے مطابق 70 فیصد مقامی آبادی کا روٹی روزگار کا انحصار خنجراب پاس کے راستے ہونے والی تجارت اور آمدورفت کی سرگرمیوں پر ہے۔

## چین کا برازیل سے مقامی کرنسی میں تجارت کا معاہدہ

